## تعلقات عامہ دفتر
## جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

October-04 2023

پریس ریلیز

# جامعہ ملیہ اسلامیہ اسٹارٹ اپ فاؤنڈرز کے لیے چودہ ہفتوں کا ایک فری آن لائن 'لفٹ آف پروگرام' منعقد کررہا ہے

اسٹارٹ اپ فاؤنڈرز ان کے ابتدائی دنوں میں استحکام اور مضبوطی دینے کے لیے ایک عالمی غیر منافع تنظیم وادھوانی فاؤنڈیشن کے اشتراک سے جامعہ ملیہ اسلامیہ کا سینٹر فار انوویشن (سی آئی ای) ایک چودہ ہفتوں کا فری آن لائن لفٹ آف پروگرام منعقد کررہا ہے۔

اس اشتراک کا مقصد اسٹارٹ اپ پروگراموں کی دنیا میں نو واردین کو ان کے کاموں میں سیڈ کیپٹل اور متعلقہ میدان میں معلومات اور وسائل سے آراستہ کرنا اور انھیں مطلوبہ مدد اور وسائل مہیا کرنا ہے۔

انٹر پرینورشپ کی دنیا میں لفٹ آف پروگرام ایک اہم سنگ میل ہے جو نئے اور ابھرتے ہوئے اسٹارٹ اپ کے دیوانوں میں انٹر پرینول جذبے کو نکھارنے اور اختراعی اور اقتصادی ترقی کو فروغ دیتا ہے۔ اختراعی تصورات اور حقیقی کاروباری کامیابی کے مابین خلیج کو پاٹنے کے لیے یہ پروگرام نئے اور ابھرتے ہوئے انٹر پرینورز کو خود مختار بناتا ہے۔

لفٹ آف پروگرام کی خاص خاص باتیں یہ ہیں:

**بنیادی سرمایے کا حصول:**

اپنے تصورات کو پیش کرنے کی تکنیک، کاروباری ماڈلز کو مانجھنے اور سرمایہ کاروں کے ساتھ رابطہ بڑھانے سمیت بنیادی سرمایے کے حصول کے ضمن میں یہ پروگرام رہنمائی کرے گا۔

**مینٹرشپ:**

پروگرام میں شامل ہونے والے انٹر پرینورز کو اس صنعت کے ماہر اور تجربہ کار مینٹرز ملیں گے جو اپنے تجربات ان کے ساتھ ساجھا کریں گے اور اس میدان میں شروع کے دنوں میں پیش آنے والے چیلنجز سے نمٹنے کے طریقے بتائیں گے۔

**ایجوکیشن اور تربیت:**

انٹر پرینورشپ کی مختلف جہات میں شرکا کی معلومات اور مہارتوں کو نکھارنے کے مقصد سے اس پروگرام کے تحت متعدد ورکشاپ، ماہرین کے خطبے اور سولوشن کٹس دیے جائیں گی۔ اس میں صرف کاروبار کی حکمت عملی، مارکیٹنگ اور مالیات کا بندوبست ہی شامل نہیں ہے۔

**نیٹ ورکنگ مواقع:**

اسٹارٹ اپس میں یہ موقع ملے گا کہ ہم خیال انٹر پرینورز، سرمایہ کار اور صنعت کی ممتاز ہستیاں رابطہ کی گنجائش ہوتا کہ اشتراک اور ترقی و بہبود کے لیے مواقع پیدا ہوں۔

**انکیوبیشن سپورٹ:**

منتخب اسٹارٹ اپس کو موقع یہ ملے گا کہ پچنگ بوٹ کیمپس میں اپنی مہارتوں کو جلا بخشیں اور اپنی ترقی کی رفتار کو مزید تیز کرنے کے لیے سرمایہ کاروں کے بڑے نیٹ ورک تک رسائی حاصل کریں۔

پروگرام میں شرکت کے لیے:

کوئی بھی اسٹارٹ اپ جس کے پاس ایک ولیڈ یٹیڈ آئیڈیا ہو یا ایم وی پی کو ترقی دینے یا پہلے سے اس کے پاس صارفین، مالیات اور ٹیم موجود ہو اور بنیادی سرمایہ تیار کرنے کے خواہاں ہوں وہ وادھوانی فاؤنڈیشن کے اشتراک سے ہونے والے پروگرام لفٹ آف پروگرام میں ہم جڑ کر ہمارے ماہرین سے رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔ ذیل میں درج ٹائم لائن کے مطابق:

| | |
|---|---|
| رجسٹریشن کی تاریخ | چھے اکتوبر، دو ہزار تیئیس |
| رجسٹریشن کی آخری تاریخ | بائیس اکتوبر دو ہزار تیئیس |
| اسکرینگ کی تاریخ | تیئیس اکتوبر دو ہزار تیئیس |
| ایک: ایک میٹنگز | ایک تا چار نومبر دو ہزار تیئیس |
| آن بورڈ نگ | چھ نومبر تا دس نومبر دو ہزار تیئیس |
| کوہورٹ اورینٹیشن | تیرہ نومبر دو ہزار تیئیس |

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی